## سوال

(990) دورانِ سفر مسافر جمعہ کی نماز کے بدلے ظہر کی نماز ادا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دورانِ سفر مسافر جمعہ کی نماز کے بدلے ظہر کی نماز اس وقت ادا کر سکتا ہے جس وقت وہ عام دنوں میں پڑھتا ہے ؟ اور کیا وہ باجماعت پڑھ سکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ اور ظہر کا وقت زوال کے بعد ہے ۔ اگر مسافر حالت ِسفر میں رخصت پر عمل کرتے ہوئے جمعہ ادا نہ کرے تو پھر معمول کے مطابق ظہر کی نماز ادا کرے گا ۔ باجماعت ادائیگی اجر و ثواب میں اضافہ کی موجب ہے ۔ لہٰذا حتی المقدور کوشش ہونی چاہئیے کہ نماز باجماعت ادا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :800

محدث فتویٰ